© rasailojaraid.com



## حضرت قاری محمد صدیق صاحب رحمہ اللہ:

اللہ کا ایک صالح بندہ، جس نے کم وبیش چالیس برس قرآن کریم پڑھایا۔ اُن کے سینکڑوں شاگرد ہیں۔ فنِ تجوید وقرأت کے شناور اور خوش الحان تھے۔ اپنے تمام بیٹوں کو قرآن پڑھایا اور فنِ تجوید وقرأت کی نعمت سے بھی نوازا۔ حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری سے بہت محبت کرتے۔ ہر سال شعبان میں مسجد احرار چناب نگر میں منعقدہ مجلس قرأت میں اپنے شاگردوں اور بیٹوں سمیت شریک ہوتے۔ وہ اللہ کے محبوب اور مقبول بندوں میں سے تھے۔ ۷/ دسمبر ۲۰۰۵ء کو فیصل آباد میں انتقال ہوا۔

☆ ممتاز عالم دین حضرت مولانا محمد نافع مدظلہ (جامعہ محمدی شریف جھنگ) کی اہلیہ مرحومہ

☆ حضرت مولانا محمد ایوب رحمہ اللہ (والدِ ماجد مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی، راولپنڈی)

☆ سید محمد ابراہیم شاہ صاحب (معاون مجلس احرار اسلام بدلی شریف رحیم یار خان) کی والدہ ماجدہ

☆ والدہ مرحومہ، مولانا قاضی عزیز الرحمٰن صاحب (جامعہ قادریہ رحیم یار خان)

☆ مجلس احرار اسلام چنیوٹ کے کارکن صوفی محمد حنیف معاویہ کی والدہ اور قاری محمد یامین گوہر کی ہمشیر مرحومہ

☆ مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے کارکن ملک اشفاق احمد نقشبندی کی پھوپھی اور قاری عبدالغفار نقشبندی قادری کی والدہ مرحومہ ۱۱/ دسمبر ۲۰۰۵ء بروز اتوار۔

☆ ممتاز صحافی اور کالم نگار جناب ہارون الرشید کی والدہ ماجدہ

☆ دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے خادم محمد رمضان کا کم سن بیٹا انتقال کر گیا۔ عمر سوا سال تھی۔

اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ قارئین سے تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

☆ محترم قاری محمد یعقوب نقشبندی (جلال پور پیروالا) ☆ ہمارے کرم فرما محترم پروفیسر محمود الحسن قریشی (ملتان)

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)


علماءِ حق کا ترجمان
المیزان
ناشران وتاجرانِ کتب

دینی، تاریخی، سیاسی، ادبی اور اصلاحی کتابوں کا معیاری ادارہ

دینی مدارس کے طلباء کے لیے وفاق المدارس کا تمام نصاب سب سے زیادہ رعایتی قیمت پر

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-7122981-7212762


© rasailojaraid.com